# 21888- سجدہ شکر میں کیا پڑھا جائے گا؟

## سوال

سجدہ شکر میں کیا پڑھا جائے گا؟

## پسندیدہ جواب

سجدہ شکر کی مخصوص اور معین دعاء میں کوئی حدیث وارد نہیں اور اسی لیے علماء کرام کا کہنا ہے کہ :

سجدہ شکر میں وہی دعا پڑھی جائیگی جو تسبیح اور دعاء نماز کے سجدہ میں پڑھی جاتی ہے، لہذا سجدہ کرنے والا سجدہ میں : سبحان ربی الاعلی اور "اللَّهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ"

اے اللہ میں نے تجھے سجدہ کیا، اور تجھ پر ایمان لایا، اور تیری اطاعت وفرمانبرداری کی، میرے چہرے نے اس کو سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا اور اس کی صورت بنائی اور اس کی سماعت پیدا کی اور آنکھیں بنائیں اللہ تبارک وتعالی سب سے بہتر خالق ہے"

پھر اس کے بعد جو چاہے دعاء کرے۔

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

سجدہ شکر کے افعال اور احکام اور اس کی شروط اور طریقہ سجدہ تلاوت والا ہی ہے۔ اھ

دیکھیں : المغنی لابن قدامۃ المقدسی (372/2).

اور سجدہ تلاوت کے متعلق کچھ اس طرح رقمطراز ہیں :

اور وہ اپنے سجدہ میں وہی کچھ کہے جو نماز کے سجدہ میں کہتا ہے۔ اھ

دیکھیں : المغنی لابن قدامہ (362/2).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اور کسی مصیبت اور مشکل سے نجات یا پھر انسان کے لیے کسی نعمت کے حصول کی بنا پر سجدہ شکر ادا کیا جاتا ہے، جو کہ نماز کے باہر سجدہ تلاوت کی طرح ہی ہے۔

بعض علماء کرام کا خیال ہے کہ اس کے لیے وضوء، اور تکبیر ہوگی، اور بعض علماء صرف پہلی تکبیر کی رائے رکھتے ہیں، پھر وہ سجدہ میں چلا جائے اور سبحان ربی الاعلی کے بعد دعاء کرے۔ اھ

دیکھیں : فتاوی منار الاسلام (205/1).

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم.